## انخلا اور پناہ گاہ

جب کوئی قابل ذکر خطرہ درپیش ہو تو انخلا کا حکم دیا جا سکتا ہے۔ دیگر مواقع پر، اندر (پناہ گاہ میں) رہنا زیادہ محفوظ ہو سکتا ہے یہ احکامات عام طور پر ٹی وی، ریڈیو، سرکاری ویب سائٹس، سوشل میڈیا یا عوامی انتباہ کے لیے وائرلیس طریقے سے نشر کیے جاتے ہیں۔

### انخلا

- صرف اسی وقت انخلا کریں جب ایمرجنسی افسران حکم دیں، اور اگر محفوظ ہو، تو اپنے پالتو جانوروں کو ساتھ لے جائیں۔
- اپنے ساتھ اپنی ایمرجنسی کٹ لے جائیں اور اپنی مقرر کردہ ملاقات کی جگہ یا ریسیپشن سنٹر کی طرف روانہ ہوں۔

### پناہ گاہ

- تمام کھڑکیاں اور بیرونی دروازوں کو بند اور لاک کریں۔
- باہر کی ہوا اندر آنے سے بچانے کے لیے تمام پنکھے، ہیٹنگ اور ایئر کنڈیشننگ سسٹمز بند کر دیں۔

### گھرانے کا ایمرجنسی منصوبہ

- ایک ایمرجنسی منصوبہ بنائیں اور خوف و تشویش کو کم کرنے کے لیے ممکنہ ہنگامی صورتحال پر پہلے سے بات کریں۔
- ہر سال اپنے منصوبے کا جائزہ لیں اور ملاقات کی جگہیں پر جانے کی مشق کریں۔

### ملاقات کی جگہیں

ملاقات کی دو جگہوں کی نشاندہی کریں اس صورت میں کہ آپ کو گھر چھوڑنا پڑ جائے یا آپ سیدھے گھر واپس نہ جا سکیں:

- آپ کے گھر کے قریب۔
- اپنے محلے سے باہر۔

اپنا ہنگامی تیاری کے ایکشن کا منصوبہ تیار کرنے کے لیے وزٹ کریں:
**ontario.ca/BePrepared**۔

## اضافی وسائل

ہنگامی صورتحال میں کیا کرنا ہے کے بارے میں اپنے مقامی میونسپل آفس سے مزید جانیں۔

مندرجہ ذیل تنظیموں کے پاس ہنگامی حالات سے پہلے، دوران اور ان کے بعد ہنگامی صورتحال کی تیاری، موسمی انتباہات اور دیگر ہنگامی معلومات موجود ہوتی ہیں۔

- Canadian Red Cross
- Environment and Climate Change Canada
- Hydro One
- Insurance Bureau of Canada
- Public Safety Canada

## جڑے رہیں

- نیٹ ورک کی بھیڑ کو کم کرنے کے لیے کالز اور ٹیکسٹ پیغامات کو چھوٹا اور مختصر رکھیں۔
- پولیس، آگ اور شدید ہنگامی حالات میں مدد کے لیے 1-1-9 پر کال کریں
- موبائل گیمز، ایپس اور ویڈیوز پر بیٹری کی زندگی ضائع نہ کریں۔ اہم مواصلات کے لیے پاور بچانے کے لیے اپنی اسکرین کو مدھم کریں۔
- اگر آپ کو انخلا کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے، تو اپنے گھر کے فون کو اپنے موبائل فون پر فارورڈ کریں۔
- الرٹ ریڈی (Alert Ready) کینیڈا کا ہنگامی الرٹ کا سسٹم ہے۔ الرٹ ریڈی ٹیلی ویژن، ریڈیو اور LTE سے منسلک اور ہم آہنگ وائرلیس آلات کے ذریعے کینیڈا کے باشندوں کو اہم اور ممکنہ طور پر جان بچانے والے انتباہات فراہم کرتا ہے۔ **AlertReady.ca** پر مزید معلومات حاصل کریں۔

**ontario.ca/BePrepared**

ISBN: 978-1-4868-7104-9

# ہنگامی حالات کی تیاری آپ سے شروع ہوتی ہے

Ontario

**ontario.ca/BePrepared**

## گھرانے کی ایمرجنسی کٹ

ہنگامی صورتحال کے دوران ممکن ہے کہ آپ کے پاس بجلی نہ ہو یا آپ سے انخلا کرنے کو کہا جا سکتا ہے۔ ایک ہنگامی کٹ میں وہ ضروری اشیاء شامل ہوتی ہیں جو آپ اور آپ کے خاندان کے لیے کم از کم 72 گھنٹوں تک زندہ رہنے کے لیے ضروری ہوتی ہیں۔ گھر، کام اور اپنی گاڑی میں ایک کٹ رکھیں۔ آپ کی کٹ کو پورٹیبل اور اِدھر اُدھر منتقل کرنا آسان ہونا چاہیے مثلا نیپ سیک یا سوٹ کیس میں۔ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ کھانا اور پانی تازہ رہے، اجزاء کو سال میں دو مرتبہ چیک کریں اور اگر ضرورت ہو، تو انہیں تبدیل کریں۔

## کٹ کی لازم مسمولات

- بیک پیک/ ڈفل بیگ/ چھوٹا سوٹ کیس (کٹ کی اشیاء رکھنے کے لیے)
- نہ خراب ہونے والا کھانا اور کین اوپنر
- بوتل بند یا بیگڈ پانی (ہر شخص کے لیے فی دن ٤ لیٹر)
- دوا (ادویات)
- ٹوائلٹ پیپر اور دیگر ذاتی اشیاء
- ذاتی حفاظت کا سامان(PPE)
- سیل فون چارجر اور پاور بینک
- چھوٹے نوٹوں میں نقدی
- پورٹیبل لائٹ کا سورس مثلاً فلیش لائٹس، ہیڈ لیمپس یا گلو اسٹکس
- ریڈیو (کرینک یا بیٹری سے چلنے والا)
- اضافی بیٹریاں
- فرسٹ ایڈ کٹ
- موم بتیاں اور ماچس/لائٹر
- ہینڈ سینیٹائزر یا نمدار تولیے
- اہم دستاویزات (شناخت)
- گاڑی اور گھر کی اضافی چابیاں
- سیٹی (اگر ضرورت ہو، تو توجہ حاصل کرنے کے لیے)
- زپ لاک بیگ (چیزیں خشک رکھنے کے لیے)
- گاربج بیگ اور ڈکٹ ٹیپ

اپنی کٹ کو اپنے خاندان کی منفرد ضروریات کے مطابق تیار کریں۔ اگر آپ یا آپ کے گھر میں کوئی معذوری کا شکار ہو، تو ایمرجنسی کٹ اور گھرانے کے منصوبے کے بارے میں اضافی معلومات جاننے کے لیے معذور افراد کے لیے ہنگامی صورتحال کی تیاری کے رہنما کتابچے کو **ontario.ca/BePrepared** پر دیکھیں۔

## پالتو جانور کی ایمرجنسی کٹ

ہنگامی صورتحال کی پہلی نشاندہی پر اپنے پالتو جانورگھر کے اندر لے آئیں۔ گر آپ کو انخلا کرنا ہو، تو اپنے پالتو جانوروں کو اس صورت میں ساتھ لے جائیں اگر ایسا کرنا محفوظ ہو۔

پالتو جانور کی ایک ایمرجنسی کٹ تیار کریں اور اس کو گھرانے کی کٹ کے ساتھ رکھیں۔ مزید معلومات کے لیے، براہ کرم **ontarioSPCA.ca/EP** ملاحظہ کریں۔

## ایک ہنگامی رابطے کا تعین کریں

شہر سے باہر کسی دوست یا رشتہ دار کو اپنا ہنگامی رابطہ بننے کا بولیں۔ آپ کے رابطے کے شخص کو آپ کے رہائشی محلے سے باہر ہونا چاہیے اور آپ کے گھرانے کے تمام افراد کو ان کا نام، پتہ اور فون نمبر معلوم ہونا چاہیے۔ ہنگامی صورتحال میں، اپنے ہنگامی رابطے کے شخص کو اپنے مقام اور حفاظتی حالات سے آگاہ رکھیں۔

## خطرات



اپنے علاقے کے مقامی خطرات اور ہر خطرے کی صورت میں کیا کرنا چاہیے کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔ یہ کام آپ کی جان بچا سکتے ہیں۔

## سیلاب



- سیلاب کے پانیوں میں نہ چلیں، نہ ہی تیراکی کریں اور نہ گاڑی چلائیں۔
- تیز بہاؤ والے پانی کے اوپر سے گزرنے والے پلوں سے دور رہیں۔
- سیلاب کی نوعیت کے مطابق اپنی بہترین حفاظت کے لیے خود اندازہ لگائیں۔ اگر کہا جائے تو انخلا کریں۔
- ٹریفک رکاوٹوں اور سڑک کی بندش کے اشاروں پر عمل کریں۔

## موسم سرما کا طوفان



- ہر قسم کے غیر ضروری سفر اور غیر ضروری اپائنٹمنٹس سے گریز کریں۔
- گھر میں رہیں اور پالتو جانوروں کو بھی گھر میں رکھیں۔
- پائپوں کو جمنے سے بچانے کے لیے ان میں سے پانی گزاریں۔
- اگر آپ باہر ہوں، تو موسم کے مطابق کپڑیں پہنیں اور باقاعدگی سے فراسٹ بائٹ چیک کریں۔

## آندھی

- بیسمنٹ یا کسی ایسے چھوٹے کمرے میں جائیں جو سب سے نچلی سطح پر موجود ہو مثلا کلوزٹ یا باتھ روم۔
- کسی مضبوط میز کے نیچے پناہ لیں اور اپنے سر اور گردن کی حفاظت کے لیے اپنے ہاتھوں کا استعمال کریں۔
- اگر آپ گھر سے باہر ہوں تو قریب ترین کسی مضبوط عمارت یا پناہ گاہ میں جائیں یا سر کی حفاظت کے لیے اپنے ہاتھوں کا استعمال کرتے ہوئے سیدھے لیٹ جائیں۔
- ہائی وے پلوں کے نیچے ہر گز پناہ نہ لیں، کیونکہ ٹنلنگ افیکٹ کی وجہ سے وہاں ہوا کی رفتار بڑھ سکتی ہے

## بجلی منقطع ہو جانا



- اگر آپ کے محلے میں بھی بجلی نہ ہو، تو اپنی الیکٹریکل سپلائی اتھارٹی کو مطلع کریں۔
- کبھی بھی گھر کے اندر چارکول یا گیس باربی کیوز، کیمپنگ ہیٹنگ کے سامان یا کسی ہوم جینریٹر کا استعمال نہ کریں۔
- دیکھنے کے لیے گلو اسٹکس یا فلیش لائٹس کا استعمال کریں۔
- فریزر اور فرج کے دروازوں کو بند رکھیں۔ اگر فریزر کا دروازہ بند رکھا جائے، تو یہ کھانے کو 36-24 گھنٹوں تک جما کر رکھ سکتا ہے۔
- گری ہوئی بجلی کی تاروں سے دور رہیں۔